نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے چنے کی دیکھ بھال سے متعلق سفارشات جاری کر دیں

لاہور،**03** جنوری**2026**: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق چنا ربیع کی ایک اہم پھلی دار فصل ہے۔ پنجاب میں تقریباً 22 لاکھ ایکڑ رقبے پر چنے کی کاشت کی جاتی ہے۔ پنجاب میں چنے کا تقریباً 92 فیصد رقبہ بارانی علاقوں میں کاشت کیا جاتا ہے۔ چنے کی فصل کو پیازی، باتھو، کرنڈ، چھنکنی بوٹی، لیہلی رُت، پھلائی، دمبی سٹی اور ریواڑی نقصان پہنچاتی ہیں چنے کی فصل میں شروع سے جڑی بوٹیوں کی تلفی ضروری ہے۔ان کی تلفی بذریعہ گوڈی کریں۔پہلی گوڈی فصل اگنے کے 30 تا40 دن بعد اور دوسری گوڈی پہلی گوڈی سے ایک ماہ بعد کریں۔ریتلے علاقوں میں جڑی بوٹیوں کی تلفی بذریعہ روٹری نہایت آسان ہے۔ بارانی اور ریتلے علاقوں میں زہر کا استعمال صرف ایسی زمین پر کرنا چاہیے جہاں مناسب وتر موجود ہو۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا ہے کہ کابلی چنے کے لیے پہلا پانی بوائی کے 60 تا70 دن بعد اور دوسرا پھول آنے پر دیں۔دھان کی فصل کے بعد چنے کو آبپاشی کی ضرورت نہیں ہوتی۔ستمبر کاشتہ کماد میں چنے کی فصل کو کماد کی ضرورت کے مطابق آبپاشی کریں۔بیماریوں یا کیڑوں کے حملے کی صورت میں محکمہ زراعت کے توسیع کے مقامی ماہرین کی سفارشات پر عمل کریں۔

☆☆☆☆